فوری ریلیز کے لیے: 2023/19/1 **_KATHY HOCHUL_** **_گورنر_**

**_گورنر HOCHUL نے ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو کے چھٹے راؤنڈ کے نیویارک شہر ریجن کے 10$ملین جیتنے والے کے طور پر مشرقی ہارلیم کا اعلان کر دیا_**

**_ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن سرمایہ کاریاں ریاست کی جامع اقتصادی ترقی اور کمیونٹی ترقی کی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ ہیں_**

**_ریاست مشرقی ہارلیم کی بحالی اور تعمیر نو کے لئے رہائشیوں، کمیونٹی رہنماؤں اور سرکاری عہدیداروں کے ساتھ مل کر کام کرے گی_**

گورنر HOCHUL نے آج اعلان کیا کہ ایسٹ ہارلیم کو ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو کے چھٹے راؤنڈ کے نیو یارک سٹی ریجن کے فاتح کی حیثیت سے 10$ ملین کی فنڈنگ ملے گی۔ ریاست کے 10 اقتصادی ترقیاتی علاقوں میں سے ہر ایک کو اس چھٹے مرحلے کے دوران 10$ ملین سے نوازا جائے گا، جو مجموعی طور پر 100$ ملین کی ریاستی ذمہ داری ہوگی تاکہ ڈاؤن ٹاؤنز کو زندگی سے بھرپور محلوں میں تبدیل کرکے برادریوں کو اپنی معیشتوں کو فروغ دینے میں مدد ملے۔

"مشرقی ہارلیم کی شاندار اور پروقار ثقافت اور تاریخ نیویارک شہر کی کہانی کا ناقابل یقین حد تک اہم حصہ ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس 10$ ملین کی سرمایہ کاری کے ذریعے ہم کمیونٹی کو اپنا ورثہ محفوظ رکھنے اور آنے والی نسلوں کے لئے اس علاقے میں معاشی ترقی کو فروغ دینے میں مدد دے سکتے ہیں۔ میں ایسٹ ہارلیم کو اپنی زبردست داستان کا اگلا باب لکھتے ہوئے دیکھنے کی منتظر ہوں۔"

DRI شہر کے مضافات کو سرگرم اور متحرک مراکز میں تبدیل کرنے کے لئے ریاست کی اقتصادی ترقی کی پالیسی کے ایک جزو کے طور پر کام کرتی ہے جو اعلی معیار کی زندگی کا پیش خیمہ ہے اور کاروبار، ملازمتوں اور معاشی اور رہائشی تنوع کو اپنی جانب راغب کرتی ہے۔ DRI کے سابقہ راؤنڈز کی طرح، ہر منتخب کردہ کمیونٹی بنیادی سطح سے اوپر جانے والی کمیونٹی منصوبہ بندی کے ذریعے ایک اسٹریٹجک منصوبہ تیار کرے گی جو اس شہر کی بحالی کے لئے ان کے وژن کو واضح کرے گا اور کلیدی نوعیت والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کرے گا جو تبدیلی کی صلاحیت رکھتے ہوں اور مزید نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھائیں۔ اس کے بعد ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ ایسے منتخب منصوبوں کو DRI فنڈز فراہم کرے گا جن میں بحالی اور کمیونٹی کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کی سب سے زیادہ صلاحیت دکھائی دے گی۔

**<u>مشرقی ہارلیم</u>**

ایسٹ ہارلیم، جسے ہسپانوی ہارلیم بھی کہا جاتا ہے، سان جوآن، پورٹو ریکو کے بعد دنیا کا سب سے بڑا پورٹو ریکن محلہ ہے۔ یہ محلہ مصروف گلیوں اور مقامی کاروباروں، شاندار آرٹ اور میورلز، بحفاظت رکھے گئے کمیونٹی باغات اور اپنے گھروں کی دیکھ بھال اور حفاظت کا جذبہ رکھنے والی کمیونٹی کے لئے جانا پہچانا جاتا ہے۔ وہاں کی کمیونٹی سماجی انصاف کی سرگرمی کی اپنی وراثت پر قائم رہتے ہوئے اپنے شاندار ثقافتی ورثے کو برقرار رکھنے کے لئے پُرعزم ہے۔

مشرقی ہارلیم کے وژن میں اس علاقے کو ایک ٹرانزٹ ہب اور ایل بیریو کے گیٹ وے میں تبدیل کرنے کا عزم شامل ہے جو موجودہ معاشی سرگرمیوں کو مزید فراغ دے گا اور کمیونٹی میں مستقبل کی معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع میں اضافہ کرے گا۔ سیکنڈ ایونیو سب وے اور پارک ایونیو وایا ڈکٹ ریپلیسمنٹ منصوبوں کو آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ مشرقی ہارلیم کو محفوظ سڑکوں، سبز اور جاندار عوامی مقامات، انٹرماڈل کنکشنز اور مقامی ریٹیل کو بھی شامل کرنا ہے۔ یہ سرمایہ کاریاں کمیونٹی کی صحت، صاف ہوا اور سائڈ واکس، اور ثقافتی دیکھ بھال اور تلاشِ راہ میں مدد کرنے والے منصوبوں کے ساتھ متوازی ہوگی، جس سے یہ امر یقینی بنے گا کہ ایل بیریو کی تاریخ اور مستقبل اس علاقے کی تعمیر نو اور بحالی کےدوران محفوظ و مستحکم رہے۔

نیویارک سٹی ریجنل اکنامک ڈیولپمنٹ کاؤنسل نے پورے خطے میں برادریوں کی طرف سے پیش کردہ تجاویز کا مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا اور مشرقی ہارلیم کو نامزد کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل معیارات پر غور کیا:

- ڈاؤن ٹاؤن فصیلوں والی جگہ ہے اور اس کی سرحدیں خوب اچھی طرح متعین ہیں؛
- ڈاؤن ٹاؤن پہلے والی یا آئندہ آنے والی نجی اور عوامی سرمایہ کاری کو فروغ دے سکتا ہے؛
- شہر کے اندر یا اس کے اردگرد روزگار کے مواقع کا حالیہ یا متوقع فروغ کارکنوں کو راغب کر سکتی ہے، تعمیر نو کی حمایت کر سکتی ہے، اور ترقی کو پائیدار بنا سکتی ہے؛
- ڈاؤن ٹاؤن متنوع برادریوں کے لئے ایک پرکشش اور قابل رہائش علاقہ ہے؛
- اس میونسپلٹی میں ایسی پالیسیاں پہلے ہی موجود ہیں، یا اس میں ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت موجود ہے جو قابل رہائش بننے کی استعداد اور معیار زندگی بڑھانے میں اپنا کردار ادا کرتی ہیں؛
- اس میونسپلٹی نے کھلے ذہن والی اور مضبوط کمیونٹی شمولیت کا مظاہرہ کیا جس کے نتیجے میں شہر کی بحالی کے لئے ایک وژن اور منصوبوں اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار ہوئی؛
- اس میونسپلٹی میں DRI پراسیس کا نظم و نسق کرنے کی مقامی استعداد موجود ہے؛ اور
- اس میونسپلٹی میں تبدیلی لانے والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی ہو چکی ہے جوDRI فنڈز کی سرمایہ کاریاں کے ذریعے قریب مدت والے منصوبوں کے نفاذ کے لئے پہلے سے تیار ہوں گے۔

مشرقی ہارلیم کو ریاستی فنڈنگ اور سرمایہ کاری میں 10$ ملین سے نوازا گیا ہے تاکہ مقامی منصوبہ بندی کے عمل کے بعد اس کے ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی اور تعمیر نو کی جا سکے اور طویل مدتی ترقی کے لئے نئے مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ مشرقی ہارلیم جمیکا، برونکس، ڈاؤن ٹاؤن بروکلین، اسٹیٹن آئی لینڈ اور چائنا ٹاؤن کی برادریوں کو باہم ملاتی ہے، جو پہلے پانچ DRI راؤنڈز میں نیو یارک سٹی ریجن کے فاتح رہے تھے۔

مشرقی ہارلیم 10$ ملین ڈالر کی DRI گرانٹ سے 300,000$ تک کے منصوبہ بندی فنڈز کے ساتھ اپنے شہر کی بحالی کے لئے اسٹریٹجک سرمایہ کاری منصوبہ تیار کرنے کا عمل شروع کرے گا۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہوگی۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان مقامی اثاثوں اور مواقع کا جائزہ لے گا تاکہ معاشی ترقی، ٹرانسپورٹیشن، ہاؤسنگ اور کمیونٹی کے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو شہر کی بحالی کے لئے ہر کمیونٹی کے وژن سے مطابقت رکھتے ہوں اور عملدرآمد کے لئے تیار ہوں۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان بحالی کے منصوبوں میں DRI گرانٹ فنڈز کی سرمایہ کاری کی رہنمائی کرے گا جس سے اس شہر کے لئے کمیونٹی کا وژن آگے بڑھے گا اور جو ریاست کی 10$ ملین کی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھا کر علاقے کے ترقیاتی منصوبوں میں مزید وسعت لائے گا۔ DRI کے چھٹے راؤنڈ کے منصوبے 2023 میں مکمل ہو جائیں گے۔

**سیکریٹری آف اسٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا،** "مشرقی ہارلیم، می کوریڈو ایل بیریو، نیو یارک شہر کے سب سے زیادہ متحرک محلوں میں سے ایک ہے جو شاندار تاریخ، ثقافت اور مضبوط لاطینی اور افریقی امریکی شناخت کا حامل ہے۔ ٹیٹو پیونٹے اور لینگسٹن ہیوز یا میئر لاگارڈیا کی جائے پیدائش سے لے کر ینگ لارڈز کی

سرگرمی تک اور میوزیم مائل کے اوپری حصے میں واقع عجائب گھروں تک، مشرقی ہارلیم نیویارک شہر کی رونق اور تنوع میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو کے ذریعے ملنے والی فنڈنگ سے اس مشہور محلے کو وہ سب کچھ دکھانے میں مدد ملے گی جس کا وہ حامل ہے، پوری ریاست سے آنے والے سیاح ایل بیریو میں زندگی سے بھرپور تجربہ حاصل کرنے کی طرف راغب ہوں گے، جبکہ ساتھ ہی اس تاریخی ورثے کو برقرار رکھتے ہوئے اس اہم راہداری کی تعمیر نو کی جائے گی تاکہ موجودہ رہائشیوں کا معیار زندگی بہتر بنے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو کے ذریعے کی جانے والی سرمایہ کاریاں ریاست نیویارک کے مضافات میں نئی روح پھونک رہی ہیں جن سے ہمارے معاشی ترقی کے اہداف کو مزید مہمیز ملے گی۔ چونکہ میں خود مشرقی ہارلیم کا باشندہ ہوں، اس لئے مجھے معلوم ہے کہ اس فنڈنگ کا اس متحرک کمیونٹی کے دل اور روح کو بہتر بنانے میں کتنا مثبت اثر پڑے گا۔ ایسٹ ہارلیم کی بحالی اور تعمیر نو کے ذریعے ہم معاشی سرگرمیوں کا ایک متحرک مرکز تشکیل دے رہے ہیں جو نہ صرف ترقی میں اضافہ کرے گا بلکہ رہائشیوں اور کاروباری اداروں دونوں کے لئے یکساں طور پر نئے مواقع بھی لائے گا۔"

**نیویارک سٹیٹ ہومز اینڈ کمیونٹی ری نیوئل کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "مشرقی ہارلیم ہماری ریاست میں سب سے زیادہ متحرک اور ثقافتی طور پر امیر برادریوں میں سے ایک ہے، اور ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو کے ذریعے مسلسل سرمایہ کاریاں اس پڑوس کی جاری تبدیلی کو رفتار فراہم کر رہی ہیں۔ 10$ ملین کا تازہ ترین ایوارڈ اس جامع حکمت عملی کا حصہ ہے جو مشرقی ہارلیم کی منفرد ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مقامی اثاثوں میں اضافہ کرتی ہے اور اہم بات یہ ہے کہ اس سے گورنر Hochul کی نئی ہاؤسنگ کمپیکٹ تجویز نافذ ہوگی جو سستی رہائشگاہوں کی فراہمی کو وسعت دے گی اور محفوظ، زیادہ مستحکم، متحرک برادریاں تشکیل دے گی۔"

**نمائندے Adriano Espaillat نے کہا،** "میں نیویارک کے سب سے زیادہ بااثر علاقوں اور برادریوں میں سے بعض کی بحالی کے لئے گورنر Hochul کے جاری عزم کی تعریف کرتا ہوں۔ ایل بیریو نے نیویارک کی ثقافتی شناخت میں ہمیشہ ایک اہم کردار ادا کیا ہے اور بلاشبہ اس محلے کو گھر کہنے والے بہت سے لوگوں کے دلوں میں اس کے لئے ایک خاص جگہ موجود ہے۔ میں شکر گزار ہوں کہ مشرقی ہارلیم کو ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو سے 10$ ملین ڈالر دینے کے لئے منتخب کیا گیا ہے اور وہ اس بات کا مشاہدہ کرنے کے منتظر ہیں کہ اس فنڈنگ کو کمیونٹی اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے، علاقے میں روزگار کی ترقی، سبز اور فعال عوامی مقامات بنانے، اور پورے علاقے میں صاف ہوا اور کمیونٹی صحت کی مدد و معاونت کے لئے کس طرح استعمال کیا جائے گا۔"

**رکن اسمبلی Eddie Gibbs نے کہا،** "میں گورنر Hochul اور نیویارک سٹی ریجنل اکنامک ڈیولپمنٹ کونسل کا معترف ہوں کہ انہوں نے DRI فنڈنگ حاصل کرنے کے لئے ایسٹ ہارلیم کا انتخاب کیا۔ سیکنڈ ایونیو سب وے جیسے بڑے منصوبوں کو 125 ویں سٹریٹ تک توسیع دیے جانے سے یہ فنڈنگ ہماری ثقافت کو محفوظ رکھنے اور ہماری کمیونٹی کو بڑھانے میں بہت مدد دے گی۔"

**مین ہیٹن بارو کے صدر Mark Levine نے کہا،** "ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن انیشی ایٹو فنڈنگ مشرقی ہارلیم کے لئے ایک شاندار خبر ہے اور اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ پورے خطے کی معاشی قوت میں اضافے کے لئے یہ علاقہ کتنی اہمیت کا حامل ہے۔ ہم نے اس فنڈنگ کے لئے اس لئے درخواست دی تھی کیونکہ ہم جانتے تھے کہ یہ سرمایہ کاری یہاں کے اس شاندار ثقافتی، سماجی اور معاشی تانے بانے کی ترقی کے لئے ایک انقلابی موقع فراہم کرے گی جو مشرقی ہارلیم کو ہمارے بورو کا ایک منفرد اور متحرک حصہ بناتا ہے۔ میں گورنر اور ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ کا ان کی شراکت داری پر شکر گزار ہوں اور آنے والے ہفتوں اور مہینوں میں مقامی اسٹیک ہولڈرز اور ہمسایوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا منتظر ہوں تاکہ ان ڈالرز کو وہاں تک پہنچایا جا سکے جہاں وہ سب سے زیادہ مؤثر ثابت ہوں۔"

**اپ ٹاؤن گرانڈ سینٹرل کی بورڈ چیئر Diane Collier نے کہا،** "یہ مشرقی ہارلیم کے لئے ایک آسکر لمحہ ہے۔ ہم گورنر کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اقتصادی ترقی اور ہماری کمیونٹی کو حقیقی معنوں میں پھلنے پھولنے اور ترقی کرنے کے لیے ہمارے علاقے کے لئے $10 ملین کا اجراء کیا ہے۔"

**نیو یارک شہر کی علاقائی معاشی ترقیاتی کونسل کے شریک صدر Winston Fisher، Fisher برادرز کے شراکت دار، اور سٹی یونیورسٹی آف نیویارک کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez نے کہا،** "NYCREDC کو ڈاؤن ٹاؤن ریویٹلائزیشن انیشی ایٹو کے چھٹے دور کے ذریعے مشرقی ہارلیم کی تبدیلی کی معاونت کرنے پر فخر ہے۔ ایک پھلتا پھولتا ڈاؤن ٹاؤن نہ صرف کسی محلے کا دل ہوتا ہے، بلکہ یہ تجارت، ثقافت، اور برادریوں کے لئے ایک مرکز کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔ ایسٹ ہارلیم کی بحالی اور تعمیر نو میں سرمایہ کاری کرنے سے کمیونٹی کی معاشی خوشحالی کے ساتھ ساتھ اس کی سماجی خوشحالی میں سرمایہ کاری کی نمائندگی بھی ہوگی۔"

**<u>اندرون شہر کی احیائے نو کے اقدام کے بارے میں</u>**

ڈاؤن ٹاؤن ریویٹلائزیشن انیشی ایٹو کا افتتاح 2016 میں اسٹیٹ کے تمام دس علاقوں کے ڈاؤن ٹاؤنز اور محلّوں کی بحالی کو تیز تر کرنے اور اس میں ہاتھ بٹانے کے لیے کیا گیا تھا تاکہ وہ سرگرمیوں کے مراکز اور اضافی مقامی سرمایہ کاریوں کو تیز کرنے والے عوامل کی صورت میں اپنا کردار ادا کریں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوئل، اور نیویارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے تعاون سے محکمہ خارجہ کی قیادت میں DRI ایک ہے مثال اور جدید "منصوبہ-بنائیں-پھر-عملدرآمد-کریں" کی حکمت عملی کی نمائندگی کرتا ہے جو اسٹریٹجک منصوبہ بندی کو فوری نفاذ کے ساتھ جوڑتا ہے اور اس کے نتیجے میں ایک مربوط، پیدل چلنے کے قابل ایسا ڈاؤن ٹاؤن وجود میں آئے گا جو نیویارک ریاست کو COVID-19 وبا کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے کے لئے ایک اہم جزو کی حیثیت رکھے گا۔ مزید برآں، پبلک ٹرانزٹ کے استعمال کو فروغ دینے اور نجی گاڑیوں پر انحصار کو کم کرکے ریاست کے جرات مندانہ ماحولیاتی اہداف بھی اس کے ذریعے پورے ہوں گے۔

پروگرام کے پہلے پانچ برسوں میں ریاست نے 59 ڈاؤن ٹاؤنز میں $600 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا اجراء کیا جو بحالی کے لئے تیار ہیں اور جو تعمیر نو، کاروبار، روزگار کی تخلیق، زیادہ سے زیادہ اقتصادی اور رہائشی تنوع اور مواقع کے لئے مقناطیس بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ شرکت کرنے والی کمیونٹیز کو ریاست کی 10 علاقائی ترقیاتی کاؤنسلز کی جانب سے نامزد کیا گیا ہے جس کی بنیاد اندرون شہر کے تبدیلی کے امکان پر ہے۔ ہر کمیونٹی کو شہر میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرنے اور کلیدی محرک منصوبوں کو نافذ کرنے کے لئے $10 ملین دیے جاتے ہیں جو کمیونٹی کی بحالی کے وژن کو آگے بڑھاتے ہیں اور اضافی نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے استفادہ کرتے ہیں۔

DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418